2023年4月13日ジャング紙ラホール版2面

کتابوں اور سٹیشنری کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، والدین پریشان

اپریل ، 2023 13

لاہور (خبرنگار) نئے تعلیمی سال کے آغاز پر کاپیوں کتابوں سمیت سٹیشنریز کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا، والدین کے لیے بچوں کو تعلیم دلوانا مشکل ہو گیا۔ ڈالر کی اونچی اڑان اور کاغذ کی قیمتیں بڑھنے سے کتابوں کاپیوں کی قیمتوں میں 100 فی صد سے بھی زائد اضافہ ہوگیا۔ والدین کیلئے بچوں کی کتابیں خریدنا بھی مشکل ہوگیا۔ بچوں کے نئے تعلیمی سال کے آغاز پر کتابوں اور کاپیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے والدین اور اساتذہ سبھی کو پریشان کر دیا ہے۔ والدین کے علاوہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے دکان دار بھی پریشان ہیں، کلرز پینسل ہو یا پاؤچ اور جیومیٹریاں، سب کی قیمت آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔ جبکہ سٹیشنریز بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔